06/01/2026

12.30/ PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گل سے خبریں سُنیے۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کھیل کود کی قومی تحریک کا حصہ ہونے پر جموں کشمیر کوافتخار ہے ۔دمن اور دِیو مینکھیلو انڈیا کے تحت ساحلی کھیلوں کے دوسرے ایڈیشن کی افتتاحی تقریب مینشرکت کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ کشمیر سے کنیاکماری تک سرکار نوجوانوں کو کھیل کود کی قوت سے با اختیار بنانے کیلئے پر عزم ہے۔

لیفٹنٹ گورنرنے کہاکہ نوجوان کھلاڑی صرف روایتی کھیلوں تک محدود نہیں ہیں بلکہ وہ اپناخون پسینہ ایک کرکے نئی بلندیوں کو سر کر رہے ہیں۔انہوں نے کھلاڑیوں کو مشورہ دیا کہ وہ ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے سفیر بن کر دِیو کی مہمان نوازی اور اس کے انمول کلچر کے بارے میں اپنے اپنے علاقوں میں چرچا کریں۔

CMکلینڈر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج محکمہ سیاحت اور جموں کشمیر کیبل کار ، کارپویشن کے سالانہ کلینڈر جاری کئے ۔

ان کلینڈروں پر جموں کشمیر کے دونوں صوبوں کے اہم سیاحتی مقامات کی منظر کشی کی گئی ہے۔اس کے علاوہ سیاحتی سیکٹر کو فروغ اور بڑھاوا دینے کی غرض سے عملائی جا رہی سرگرمیوں اوراس سیکٹر کی اب تک کی حصولیابیونکو کلینڈروں کے اوراق پر جگہ دی گئی ہے۔

سیاح

کشمیر وادی میں ٹھنڈ کے باوجود آج کل سیاحوں کی ایک اچھی خاصی تعداد موجود ہے۔ سیاحتی سرگرمیوں کو دوام بخشنے نیز زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو راغب کرنے کے لئے محکمہ سیاحت کی طرف سے ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں ۔

ملک کی مختلف ریاستوں سے آئے ہوئے سیلانی وادی میں اہم سیاحتی مقامات گلمرگ، سونہ مرگ اور پہلگام میں دلفریب قدرتی مناظر خاص کر پہاڑی علاقوں میں ہوئی حالیہ برف باری سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔چند سیاحونکے تاثرات۔

بجلی

کو ہدایت دی ہے کہ وہ سلال ریزروائر کو چالو کرنے میں NHPC بجلی کی مرکزی وزارت نے کی NHPC حائل رکاوٹوں کو فوری طور سے دور کریں ۔جموں کے دور ے کے دوران یو ٹی میں طرف سے عملائے جا رہے پن بجلی پروجیکٹوں کا جائزہ لیتے ہوئے بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے جموں کشمیر کے آبی وسائل کو مکمل طور سے بروئے کارلانے کی ضرورت اجا گر کی ۔ دو روزہ دورے کے دوران وزیر موصوف ریاسی، رام بن اور کشتوار اضلاع کے پروجیکٹوں کا جائزہ لے رہے ہیں ۔ ان کے ہمراہ بجلی کی وزات کے سیکریٹری پنکج اگروال بھی ہیں۔

سکینہ

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے اساتذہ پر زور دیا ہے کہ وہ تعلیم کے شعبے کو در پیش چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے جدید اور اختراعی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لائیں ۔ ادھمپور میں اساتذہ کے ایک روزہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے سماج کو با اختیار بنانے اور اسے ایک ترقیاتی نہج دینے میں اساتذہ کے کلیدی رول کو اجا گر کیا ۔

اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے آثار شریف کعبہ مرگ اننت ناگ کا دورہ کر کے وہاں وقف بورڈ کی طرف سے مکمل کئے گئے کئی ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ وقف بورڈ، جموں کشمیر میں موجود زیارت گاہوں پر سہولیات کو دوام بخشنے اور زیارت گاہوں کی جازبیت میں اضافہ کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

-------------

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں 15 بڑے پروجیکٹ پرگتی پلیٹ فارم کے ذریعے سے براہِ راست وزیر اعظم کی نگرانی میں ہیں۔ جموں میں ایک پریس بریفنگ کے دوران کے مثبت Pragati یوٹی میں بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کی عمل آوری میں سرعت لانے کیلئے رول کو اجا گر کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ پرگتی @50 کی بدولت ان متعدد پروجیکٹوں کو مکمل کرنے میں مدد ملی ہے جو مختلف وجوہات کی بنا پر دہائیوں تک التواءمیں پڑے ہوئے تھے ۔اٹل ڈلو نے کہا کہ اس نظام کے ذریعے سے اب تک جموں کشمیر میں 53 ہزار کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کو مکمل کیا گیا ۔

ونٹر

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔
تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ